مبارک ہو! اب آپ زیادہ تر عربی الفاظ پڑھ سکتے ہیں۔ اب آپ عربی جملے پڑھنا شروع کر سکتے ہیں۔ اردو کے برعکس عربی کی یہ خصوصیت ہے کہ اس میں ہر ہر لفظ کو الگ الگ نہیں پڑھا جاتا بلکہ مختلف الفاظ کو ملا کر پڑھا جاتا ہے۔ اس کے لئے کچھ قوانین مقرر کئے گئے ہیں جن کی تفصیل کچھ یوں ہے:

سورة التين

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالتِّينِ وَالزَّيْتُونِ (1) وَطُورِ سِينِينَ (2) وَهَذَا الْبَلَدِ الْأَمِينِ (3) لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنسَانَ فِي أَحْسَنِ تَقْوِيمٍ (4) ثُمَّ رَدَدْنَاهُ أَسْفَلَ سَافِلِينَ (5) إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَلَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُونٍ (6) فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّينِ (7) أَلَيْسَ اللَّهُ بِأَحْكَمِ الْحَاكِمِينَ (8)

سورة العلق

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ (1) خَلَقَ الْإِنسَانَ مِنْ عَلَقٍ (2) اقْرَأْ وَرَبُّكَ الْأَكْرَمُ (3) الَّذِي عَلَّمَ بِالْقَلَمِ (4) عَلَّمَ الْإِنسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ (5) كَلَّا إِنَّ الْإِنسَانَ لَيَطْغَى (6) أَنْ رَآهُ اسْتَغْنَى (7) إِنَّ إِلَى رَبِّكَ الرُّجْعَى (8) أَرَأَيْتَ الَّذِي يَنْهَى (9) عَبْدًا إِذَا صَلَّى (10) أَرَأَيْتَ إِنْ كَانَ عَلَى الْهُدَى (11) أَوْ أَمَرَ بِالتَّقْوَى (12) أَرَأَيْتَ إِنْ كَذَّبَ وَتَوَلَّى (13) أَلَمْ يَعْلَمْ بِأَنَّ اللَّهَ يَرَى (14) كَلَّا لَئِنْ لَمْ يَنْتَهِ لَنَسْفَعًا بِالنَّاصِيَةِ (15) نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ (16) فَلْيَدْعُ نَادِيَهُ (17) سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ (18) كَلَّا لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ (19)

سورة القدر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

إِنَّا أَنزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ (1) وَمَا أَدْرَاكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ (2) لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِنْ أَلْفِ شَهْرٍ (3) تَنَزَّلُ الْمَلائِكَةُ وَالرُّوحُ فِيهَا بِإِذْنِ رَبِّهِمْ مِنْ كُلِّ أَمْرٍ (4) سَلامٌ هِيَ حَتَّى مَطْلَعِ الْفَجْرِ (5)

سورة البينة

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لَمْ يَكُنْ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ وَالْمُشْرِكِينَ مُنفَكِّينَ حَتَّى تَأْتِيَهُمْ الْبَيِّنَةُ (1) رَسُولٌ مِنْ اللَّهِ يَتْلُوا صُحُفاً مُطَهَّرَةً (2) فِيهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ (3) وَمَا تَفَرَّقَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ إِلاَّ مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَتْهُمْ الْبَيِّنَةُ (4) وَمَا أُمِرُوا إِلاَّ لِيَعْبُدُوا اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ حُنَفَاءَ وَيُقِيمُوا الصَّلاةَ وَيُؤْتُوا الزَّكَاةَ وَذَلِكَ دِينُ الْقَيِّمَةِ (5) إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ وَالْمُشْرِكِينَ فِي نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا أُوْلَئِكَ هُمْ شَرُّ الْبَرِيَّةِ (6) إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ أُوْلَئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ (7) جَزَاؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنَّاتُ عَدْنٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَداً رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ ذَلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهُ (8)

سورة العصر

بسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالْعَصْرِ (1) إِنَّ الإِنسَانَ لَفِي خُسْرٍ (2) إِلاَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ (3)

سورة الهمزة

بسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَيْلٌ لِكُلِّ هُمَزَةٍ لُمَزَةٍ (1) الَّذِي جَمَعَ مَالاً وَعَدَّدَهُ (2) يَحْسَبُ أَنَّ مَالَهُ أَخْلَدَهُ (3) كَلاَّ لَيُنْبَذَنَّ فِي الْحُطَمَةِ (4) وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْحُطَمَةُ (5) نَارُ اللَّهِ الْمُوقَدَةُ (6) الَّتِي تَطَّلِعُ عَلَى الأَفْئِدَةِ (7) إِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُوصَدَةٌ (8) فِي عَمَدٍ مُمَدَّدَةٍ (9)

سورة الفيل

بسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

أَلَمْ تَرَى كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِأَصْحَابِ الْفِيلِ (1) أَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِي تَضْلِيلٍ (2) وَأَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْراً أَبَابِيلَ (3) تَرْمِيهِمْ بِحِجَارَةٍ مِنْ سِجِّيلٍ (4) فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَأْكُولٍ (5)

سورة قريش

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لِإِيلافِ قُرَيْشٍ (1) إِيلافِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَاءِ وَالصَّيْفِ (2) فَلْيَعْبُدُوا رَبَّ هَٰذَا الْبَيْتِ (3) الَّذِي أَطْعَمَهُمْ مِنْ جُوعٍ وَآمَنَهُمْ مِنْ خَوْفٍ (4)

سورة الماعون

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

أَرَأَيْتَ الَّذِي يُكَذِّبُ بِالدِّينِ (1) فَذَلِكَ الَّذِي يَدُعُّ الْيَتِيمَ (2) وَلا يَحُضُّ عَلَى طَعَامِ الْمِسْكِينِ (3) فَوَيْلٌ لِلْمُصَلِّينَ (4) الَّذِينَ هُمْ عَنْ صَلاتِهِمْ سَاهُونَ (5) الَّذِينَ هُمْ يُرَاءُونَ (6) وَيَمْنَعُونَ الْمَاعُونَ (7)

سورة الكوثر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ (1) فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ (2) إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الأَبْتَرُ(3)

سورة الكافرون

بسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ (1) لا أَعْبُدُ مَا تَعْبُدُونَ (2) وَلا أَنْتُمْ عَابِدُونَ مَا أَعْبُدُ (3) وَلا أَنَا عَابِدٌ مَا عَبَدتُّمْ (4) وَلا أَنْتُمْ عَابِدُونَ مَا أَعْبُدُ (5) لَكُمْ دِينُكُمْ وَلِيَ دِينِ (6)

سورة النصر

بسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللَّهِ وَالْفَتْحُ (1) وَرَأَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُونَ فِي دِينِ اللَّهِ أَفْوَاجاً (2) فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ إِنَّهُ كَانَ تَوَّاباً (3)

سورة ابي لهب

بسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

تَبَّتْ يَدَا أَبِي لَهَبٍ وَتَبَّ (1) مَا أَغْنَى عَنْهُ مَالُهُ وَمَا كَسَبَ (2) سَيَصْلَى نَاراً ذَاتَ لَهَبٍ (3) وَامْرَأَتُهُ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ (4) فِي جِيدِهَا حَبْلٌ مِنْ مَسَدٍ (5)

سبق 10: پریکٹس کیجیے!

عربی تحریر کو پڑھنے سے متعلق یہ آخری سبق ہے۔ اب آپ عربی پڑھنے کے قابل ہو چکے ہیں۔ ممکن ہے اس میں کہیں آپ کوئی غلطی کرتے ہوں۔ قرآن مجید میں عربی کی غلطیوں سے بچنے کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ پورا قرآن کسی قاری کو سنا دیجیے۔ اس کے علاوہ یہ کام کیجیے۔

تعمیر شخصیت

اپنی شخصیت میں اللہ تعالی کی محبت پیدا کیجیے۔ غور کیجیے کہ اللہ تعالی نے ہوا، پانی، خوراک کس قدر نعمتیں ہمیں عطا کی ہیں۔ اس سے اللہ تعالی کی محبت میں

- قرآن مجید ڈاؤن لوڈ کیجیے۔ اس کی مکمل تلاوت کی آڈیو ریکارڈنگ بھی ڈاؤن لوڈ کر لیجیے۔ انٹرنیٹ پر بہت سے قرّا کی آواز میں تلاوت موجود ہے۔ جس قاری کی آواز آپ کو پسند ہو، ان کی آواز میں قرآن مجید کی تلاوت ڈاؤن لوڈ کر لیجیے۔
- روزانہ قرآن مجید کے کچھ حصے کی تلاوت کیجیے۔
- اس کے بعد اسی حصے کی تلاوت سنیے۔ اس دوران قرآن مجید کو کھول کر اپنے سامنے رکھ لیجیے تاکہ آپ اپنی غلطیوں کو نوٹ کر سکیں۔ کچھ ہی دن میں آپ بغیر کسی غلطی کے تلاوت کرنا سیکھ جائیں گے۔

کیا آپ جانتے ہیں؟

قرآن مجید کی درست تلفظ کے ساتھ تلاوت کرنے کے فن کو عربی میں "تجوید" کہا جاتا ہے۔ اس لیول پر آپ نے فن تجوید کی بنیادی باتیں سیکھ لی ہیں۔ اگر آپ اس میں مزید مہارت حاصل کرنا چاہیں تو ماہر قاریوں سے قرآن سنیے۔

آج کا اصول

قرآن مجید کے نزول کا مقصد یہ ہرگز نہیں تھا کہ بغیر سوچے سمجھے اس کی تلاوت کی جائے۔ قرآن مجید اللہ تعالی کی آخری کتاب ہے جو ہماری ہدایت کے لئے نازل کی گئی ہے۔ ہمیں اسے سمجھنا چاہیے۔ قرآنی عربی سیکھنے کے لئے اس کورس کو جاری رکھیے۔

کیا آپ جانتے ہیں؟

قرآن مجید کا ترجمہ ایک انسانی کام ہے۔ یہ خدائی کام نہیں ہے۔ یہ ممکن ہے کہ کوئی عالم ترجمہ کرتے وقت کوئی غلطی کر دے۔ اس وجہ سے آپ خود عربی زبان سیکھیے تاکہ آپ غلط اور صحیح ترجمے میں فرق کر سکیں۔

لیول 1: بنیادی عربی زبان

اس لیول کے اختتام پر انشاء اللہ آپ روز مرہ دینی معاملات میں استعمال ہونے والی عربی زبان سے واقف ہو جائیں گے۔

اہل زبان جب کوئی زبان بولنا شروع کرتے ہیں تو خود بخود اس کے قوانین بنتے چلے جاتے ہیں۔ اس کے بعد زبان اور گرامر کے ماہرین ان قوانین کو لوگوں کی بول چال سے اخذ کرتے ہیں۔

تعمیر شخصیت
اللہ کی مخلوق سے محبت کیجیے کیونکہ اللہ تعالی خود اپنی مخلوق سے محبت کرتا ہے۔ کسی انسان یا جاندار چیز کو تکلیف نہ دیجیے۔

- اسم کسی شخص، چیز یا جگہ کے نام کو کہتے ہیں۔ مثلاً اللہ غ أَحْمَدُ غ مَكَّةُ عحج تکتدُ ق

اپنی صلاحیت کا امتحان لیجیے!

ان الفاظ کو پڑھیے اور ہر لفظ کے سامنے بیان کیجیے کہ وہ اسم، فعل یا حرف کس گروپ سے تعلق رکھتا ہے۔

لفظ	قسم	لفظ	قسم
اللّٰہ		ل	
أَكْبَرُ		أَعُوذُ (میں پناہ مانگتا ہوں)	
سُبْحَانَ (پاک)		بِ (ساتھ)	
ال		مِنَ (سے)	
حمد (تعریف)		الشَّيْطٰن	
ل (لئے)		الرَّجِيْم (مردود)	
لاَ (نہیں)		إسْمِ (نام)	
الٰهَ (معبود)		الرَّحْمٰنِ	
إلاَّ (سوائے)		الرَّحِيْمِ	
مُحَمَّدُ		أحدٌ (ایک)	
رَّسُوْلُ		و (اور)	
شَرِيْكَ		الصَّمَدُ (بے نیاز)	
كَ (آپ کا)		عَلٰى (پر)	
اللّٰهُمَّ (اے اللہ!)		آل (اولاد، پیروکار)	
صَلِّ (درود بھیج)		على	

بی سیریز میں ہم آپ کے سامنے عربی کے کچھ الفاظ رکھ رہے ہیں۔ ان کا معنی اچھی طرح سمجھ لیجیے۔ اس کے بعد آپ کے سامنے کچھ جملے پیش کئے جائیں گے جو انہی الفاظ پر مشتمل ہوں گے۔ آپ نے ان کا اردو میں ترجمہ کرنا ہے۔

تعمیر شخصیت
اللہ تعالی نے کسی کے بارے میں شک کرنے سے منع فرمایا ہے۔ اس سے ایک منفی شخصیت وجود میں آتی ہے۔ بد گمانی سے پرہیز کیجیے۔

الفاظ	تشریح
اللّٰہ	[اللہ]، یہ خداوند واحد کا عربی نام ہے
أَكْبَرُ	[سب سے بڑا، عظیم]
سُبْحَانَ	[ہر عیب سے پاک]
ال	اس لفظ کا اردو میں کوئی متبادل نہیں ہے۔ یہ انگریزی لفظ the کا متبادل ہے۔ یہ کسی عام چیز کو مخصوص کر دیتا ہے۔
اَلْحَمْدُ، ال حَمد	ال کا معنی ہے [the] اور حمد کا معنی ہے [تعریف]۔
لِلّٰہِ، لِ اللّٰہِ	یہ بھی دو الفاظ ہیں۔ لِ کا معنی ہے [لئے]۔ للہ کا معنی ہوا [اللہ کے لئے]
لَا	[نہیں]
اِلٰہَ	[معبود، خدا]، اس لفظ میں حقیقی خدا یعنی اللہ تعالی اور جھوٹے دیوتا سب ہی شامل ہیں۔
إِلَّا	[سوائے، مگر]
مُحَمَّدٌ	[محمد] صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم، اللہ کے آخری رسول کا نام مبارک

الفاظ	تشریح
رَّسُوْلُ	لفظی معنی ہے [قاصد]، اصطلاحی معنی ہے [اللہ کا بھیجا ہوا پیغمبر]
شَرِيْكَ	[شریک، حصے دار، برابری کرنے والا]
لَكَ، لِ كَ	یہ دو الفاظ ہیں۔ ل کا معنی ہے [لئے] اور ک کا معنی ہے [تیرا یا تجھے]۔ مجموعی معنی ہے، [تیرے لئے]
أَعُوْذُ	[میں پناہ مانگتا، مانگتی ہوں]
بِاللهِ، بِ اللهِ	دو الفاظ۔ ب کا معنی ہے [سے یا ساتھ with]۔ مجموعی معنی [اللہ سے]
مِنَ	[سے from]
الشَّيْطٰنِ ، ال شَيْطٰن	شیطان کا لفظی معنی ہے [سرکش]۔ ال لگانے سے یہ مخصوص شیطان ابلیس کے لئے مخصوص ہو گیا ہے۔
الرَّجِيْمِ، ال رَّجِيْم	رجیم کا معنی ہے [دھتکارا ہوا]۔ ال نے اسے شیطان کے ساتھ مخصوص کر دیا ہے۔
بِسْمِ، بِ اسْمِ	دو الفاظ۔ اسم کا معنی ہے [نام]۔ مجموعی معنی [نام کے ساتھ]
الرَّحْمٰنِ، ال رَّحْمٰنِ	رحمان کا معنی ہے [رحم کرنے والا]۔ ال نے اسے اللہ تعالی کے ساتھ مخصوص کر دیا ہے۔
الرَّحِيْمِ، ال رَّحِيْمِ	رحیم کا معنی ہے [ایسا رحم کرنے والا جس کی شفقت ہمیشہ کے لئے ہو]۔ ال نے اسے بھی اللہ کے ساتھ کر دیا ہے۔
أَحدٌ	[ایک، کوئی ایک]

تشریح	الفاظ
[اور]۔ بعض اوقات یہ [یعنی] کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے۔	وَ
[بے نیاز، خود مختار]۔ ال نے اسے اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص کر دیا ہے۔	اَلصَّمَدُ، ال صَّمَدُ
اے اللہ!	اَللّٰهُمَّ
[تو درود بھیج۔ اپنی رحمت بھیج۔]	صَلِّ
[پر]	عَلٰى
[اولاد، پیروکار]	آل
یہ تین الفاظ ہیں۔ ب کا معنی ہے [ساتھ، سے]۔ حمد کا معنی ہے [تعریف] اور ہ کا معنی ہے [اس کا یا اسے]۔ مجموعی معنی ہے، [اس کی تعریف کے ساتھ]	بِحَمْدِهٖ، بِ حَمْدِ ہٖ
[اس نے رحمت بھیجی، اس نے درود بھیجا۔]	صَلّٰى
دو الفاظ۔ علی کا معنی ہے [پر] اور ہ کا معنی ہے [اس کا، اسے]۔ مجموعی معنی ہوا [اس پر]	عَلَيْهِ، علی ہ
دو الفاظ۔ مجموعی معنی [ان کی اولاد اور پیروکار]	آله، آل ہ
[اس نے سلامتی عطا کی]	سَلَّمَ

آج کا اصول: ہر زبان میں بے جان اشیاء کو مذکر یا مؤنث فرض کر لیا جاتا ہے اور اس کے مطابق ان کے لئے مذکر یا مؤنث الفاظ استعمال کیے جاتے ہیں۔

چیلنج!

عربی میں الفاظ سے پہلے الف لام لگانے کی وجہ کیا ہے؟

اپنی صلاحیت کا امتحان لیجیے!

اب ان جملوں کا اردو میں ترجمہ کیجیے۔

عربی	اردو
بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ	
اللهُ أَكْبَرُ	
سُبْحَانَ اللهِ	
اَلْحَمْدُ لِلهِ	
لاَ اِلٰهَ إِلاَّ اللهِ	
مُحَمَّدُ رَّسُوْلُ اللهِ	
لا شَرِيْكَ لَكَ	
أَعُوذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ	
اللهُ أَحدٌ، اللهُ الصَّمَدُ	
اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ و عَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ	
سُبْحَانَ اللهِ وَ بِحَمْدِه	
صلى الله عليه واله وسلم	

عربی میں ترجمہ کیجیے!

کیا آپ جانتے ہیں؟ قرآن مجید نہ صرف ہدایت کی کتاب ہے بلکہ یہ اعلی عربی زبان کے لئے معیار کی حیثیت بھی رکھتا ہے۔

اردو	عربی
اللہ سب سے بڑا ہے۔	
اللہ ہر عیب سے پاک ہے۔	
تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں۔	
اللہ کے سوا کوئی خدا نہیں ہے۔	
محمد اللہ کے رسول ہیں۔	
(اے میرے اللہ!) تیرا کوئی شریک نہیں ہے۔	
میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں، شیطان مردود کے شر سے۔	
اللہ کے نام (سے شروع) جو بہت ہی مہربان ہے اور جس کی شفقت ابدی ہے۔	
اللہ ایک ہے۔ اللہ بے نیاز اور خود مختار ہے۔	
اے اللہ! تو محمد اور ان کی اولاد و پیروکاروں پر اپنی رحمت نازل فرما۔	
اللہ ہر عیب سے پاک ہے اور اس کی تعریف کے ساتھ (میں اس کی تسبیح بیان کرتا ہوں۔)	
ان پر اللہ کی رحمت اور سلامتی ہو۔	

سبق 2A: تذکیر و تانیث

ہر زبان میں مذکر اور مؤنث دونوں کے لئے مختلف الفاظ پائے جاتے ہیں۔ عربی میں بھی ایسا ہی ہے۔ جب مخاطب مذکر و مؤنث دونوں ہی کو ایک لفظ میں بیان کرنا چاہے تو پھر اس کے لئے مذکر کے الفاظ استعمال کیے جاتے ہیں جس میں خواتین خود بخود شامل ہوتی ہیں۔ مؤنث الفاظ کی متعدد اقسام ہیں:

تعمیر شخصیت
غیر مخلص مذہبی اور سیاسی راہنماؤں سے ہوشیار رہیے۔ یہ آپ کا استحصال کرتے ہیں۔ ہمیشہ اپنی عقل پر اعتماد کیجیے نہ کہ اپنے راہنما کی عقل پر۔

- مؤنث حقیقی: یہ وہ اسم ہیں جو کسی حقیقی مؤنث کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔ مثلاً جَارِيَةٌ (لڑکی)، أُمٌّ (ماں)، أُخْتٌ (بہن)، بِنْتٌ (بیٹی) وغیرہ۔
- ایسے الفاظ جن کے آخر میں گول ۃ ہو: ایسے الفاظ جن کے آخر میں گول ۃ ہو، مؤنث سمجھے جاتے ہیں اگرچہ حقیقتاً وہ مؤنث نہ بھی ہوں۔ مثلاً صَلٰوةٌ (نماز)، جَنَّةٌ (باغ)، حَسَنَةٌ (نیکی) وغیرہ۔ کسی مذکر کے آخر میں بھی گول ۃ لگا کر اسے مؤنث بنایا جاسکتا ہے۔ اس قاعدے سے متعدد الفاظ مستثنیٰ ہیں جیسے خَلِيفَةٌ (خلیفہ)، عَلَّامَةٌ (بڑا عالم) وغیرہ۔
- ایسے الفاظ جن کے آخر میں "آء" ہو: ایسے الفاظ جن کے آخر میں "آء" موجود ہو، انہیں بھی مؤنث سمجھا جاتا ہے۔ مثلاً سَودَآءُ (سیاہ خاتون)، بَيضَآءُ (سفید خاتون) وغیرہ۔
- ایسے الفاظ جن کے آخر میں "یٰ" ہو: ایسے الفاظ جن کے آخر میں "یٰ" موجود ہو، بھی مؤنث سمجھے جاتے ہیں۔ مثلاً صُغرَى (بڑی)، كُبرَى (چھوٹی)، عُظمَى (عظیم خاتون) وغیرہ۔
- مؤنث غیر حقیقی: ہر زبان میں بے جان اشیاء کے نام بھی ہوتے ہیں جو اپنی حقیقت میں نہ تو مذکر ہوتے ہیں اور نہ ہی مونث۔ اہل زبان انہیں مذکر یا مؤنث فرض کر لیتے ہیں۔ عین ممکن ہے کہ ایک لفظ ایک زبان میں مذکر ہو اور دوسری یں مؤنث۔ جیسے اردو میں درخت مذکر ہے جبکہ عربی میں شجرۃ مؤنث ہے۔ اسی طرح اردو میں کتاب مؤنث ہوتی ہے مگر عربی میں اسے مذکر سمجھا جاتا ہے۔ یہ وجہ ہے کہ ہر زبان سیکھتے وقت یہ جاننا ضروری ہے کہ اس زبان کے لوگ کس چیز کو مذکر اور کس چیز کو مؤنث سمجھتے ہیں۔ اس موقع پر چند اصول یاد کر لیجیے۔
  - یہ الفاظ ہر حالت میں مؤنث ہی سمجھے جائیں گے۔ أرضٌ (زمین)، حَرَبٌ (جنگ)، سَمَآءٌ (آسمان)، رِيحٌ (ہوا)، نَفْسٌ (جان، شخصیت)
  - ملکوں کے ناموں کو بھی مؤنث ہی سمجھا جائے گا۔ جیسے مِصر، شَام، باكستان وغیرہ۔
  - ایسے انسانی اعضاء جو دو دو ہیں، کو بھی مؤنث سمجھا جاتا ہے جیسے يَدٌ (ہاتھ)، رِجْلٌ (پاؤں)، اُذُنٌ (کان) وغیرہ

سبق 2A: تذکیر و تانیث

اپنی صلاحیت کا امتحان لیجیے! (ا)

ہر لفظ کے سامنے اس کا معنی دیا ہوا ہے۔ تیسرے کالم میں بیان کیجیے کہ یہ مذکر ہے یا مؤنث۔

چیلنج!

اپنے ذخیرہ الفاظ میں سے چند مذکر اور چند مؤنث اسم بیان کیجیے۔

لفظ	معنی	مذکر یا مؤنث؟
أَخٌ	بھائی	
أُخْتٌ	بہن	
وَالِدٌ	باپ	
وَالِدَةٌ	ماں	
أَبٌ	باپ	
أُمٌّ	ماں	
خَالٌ	ماموں	
خَالَةٌ	خالہ	
عَمٌّ	چچا	
عَمَّةٌ	پھوپھی	
فَاسِقٌ	گناہ گار، بدکردار	مُذَكَّرٌ
فَاسِقَةٌ	گناہ گار، بدکردار	مُؤَنَّثٌ
حَسَنٌ	نیک	
حَسَنَةٌ	نیک	

سبق 2A: تذکیر و تانیث

لفظ	معنی	مذکر یا مؤنث؟
قَبِیْحٌ	بد صورت	
قَبِیْحَةٌ	بد صورت	
کَبِیْرٌ	بڑا	
کَبِیْرَةٌ	بڑی	
صَغِیْرٌ	چھوٹا	
صَغِیْرَةٌ	چھوٹی	
هٰذَا	یہ	
هٰذِه	یہ	مُؤَنَّث
جَنَّةٌ	باغ	
جَهَنَّمُ	جہنم	مُؤَنَّث
عَرِیْسٌ	دولہا	
عُرُوْسٌ	دولہن (قدیم عربی میں یہ دلہا، دلہن دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے)	
شَدِیْدٌ	سخت	
شَدِیْدَةٌ	سخت	
سُوْقٌ	بازار	مُؤَنَّث
طَوِیْلَةٌ	لمبی	

لفظ	معنی	مذکر یا مؤنث؟
أصفَرُ	پیلا	
صَفرَآءُ	پیلی	
أخْضَرُ	سبز	
خَضْرآءُ	سبز	
أحْمَرُ	سرخ	
حَمرَآءُ	سرخ	
أزْرَقُ	نیلا	
زَرْقَآءُ	نیلی	
أحْسَنُ	خوبصورت ترین	
حُسْنَى	خوبصورت ترین	
صَادِقٌ	سچا	
صَادِقَةٌ	سچی	
شَاهِدٌ	گواہ، دیکھنے والا	
شَاهِدَةٌ	گواہ، دیکھنے والی	
كَاذِبٌ	جھوٹا	
كَاذِبَةٌ	جھوٹی	

آج کا اصول

لفظ کے آخر میں ی، آ، اور ۃ مؤنث کی علامت ہیں۔

اپنی صلاحیت کا امتحان لیجیے! (۲)

ہر لفظ کے سامنے اس کا معنی دیا ہوا ہے۔ اس کی مؤنث بنائیے۔

مذکر	مؤنث	مذکر	مؤنث
حَسَنٌ (اچھا)		أَسْوَدُ (سیاہ)	
وَالِدٌ (باپ)		أَخْضَرُ (سبز)	
أَصفَرُ (پیلا)		أَبيَضُ (سفید)	
قَبِيْحٌ (بدصورت)		أَخٌ (بھائی)	
شَاهِدٌ (گواہ)		أَزْرَقُ (نیلا)	
أَحْمَرُ (سرخ)		خَالٌ (ماموں)	
حَسَنٌ (اچھا)		كَبِيْرٌ (بڑا)	
صَغِيْرٌ (چھوٹا)		أَبٌ (باپ)	
أَحْسَنُ (خوبصورت ترین)		هٰذَا (یہ)	
عَمٌّ (چچا)		شَدِيْدٌ (سخت)	
صَادِقٌ (سچا)		زَاهِدٌ (پرہیزگار)	
كَاذِبٌ (جھوٹا)		فَاسِقٌ (بدکردار)	
عَرِيْسٌ (دولہا)		رَحِيمٌ (ہمیشہ مہربان)	
عَابِدٌ (عبادت گزار)		زَعِيم (لیڈر)	
نَصِيْرٌ (مددگار)		كَرِيمٌ (صاحب عزت)	

سبق 2B: نماز

پچھلے سبق میں ہم نے بنیادی اذکار کا مطالعہ کیا تھا۔ اس سبق میں ہم نماز کا مطالعہ کریں گے۔ ہمارے ہاں زیادہ تر یہ رواج ہے کہ لوگ نماز کو سمجھ کر نہیں پڑھتے جس کے باعث وہ کیفیت پیدا نہیں ہو پاتی جس کی جانب رسول اللہ صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم نے اشارہ فرمایا ہے۔ اگر ہم نماز کا معنی سمجھنے لگیں تو اس کیفیت کا پیدا کرنا آسان ہو جائے گا۔ درج ذیل الفاظ کا معنی سیکھیے اور ان کی مدد سے نماز کا ترجمہ کیجیے۔

تعمیر شخصیت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، "آپ نماز اس طرح پڑھیے کہ گویا آپ اپنے رب کو دیکھ رہے ہیں۔ اگر ایسا نہ ہو سکے تو کم از یہی تصور رکھیے کہ آپ کا رب آپ کو دیکھ رہا ہے۔"

عربی	اردو
أَكْبَرُ	[سب سے بڑا]
سُبْحَانَكَ، سبحان ك	دو الفاظ، سبحان کا معنی ہے [ہر عیب سے پاک] اور ک کا معنی ہے [تو یا تیرا]۔ مجموعی معنی ہوا [تو ہر عیب سے پاک ہے]
اللّٰهم	اے اللہ
و	اور
بِحَمْدِكَ، بِ حَمد ك	تین الفاظ، ب یعنی [ساتھ]، حمد یعنی [تعریف]۔ مجموعی معنی [تیری تعریف کے ساتھ]

آج کا اصول:

لفظ کے آخری حرف پر ضمہ، فتحہ یا کسرہ ایک خاص معنی دیتی ہے۔ یہ اس اسم کا استعمال بتاتی ہیں کہ یا تو وہ اسم کوئی کام کرنے والا ہے، یا اس پر کوئی ہونے والا ہے یا اس سے کسی چیز کا تعلق ہے۔

چیلنج!

عربی اور اردو میں حروف کو ایک دوسرے سے جوڑ کر لفظ کیوں بنایا جاتا ہے؟ انگریزی کی طرح الگ الگ حرف کیوں لکھا نہیں جاتا؟

عربی	اردو
تبارك	[برکت والا ہے]
اسْمُكَ، اسمُ ك	دو الفاظ، اسم یعنی [نام] اور ک یعنی [تو یا تیرا]۔ مجموعی معنی [تیرا نام]
تعالى	[بلند ہے]
جَدُّكَ، جدُ ك	دو الفاظ، جد یعنی [نام] اور ک یعنی [تو یا تیرا]۔ مجموعی معنی [تیری بزرگی]
لا	[نہیں]
الَهَ	[معبود، خدا]
غيرك، غير ك	دو الفاظ، غیر [علاوہ]، مجموعی معنی [تیرے علاوہ]
للّٰه، لِ اللّٰه	دو الفاظ، ل [لئے]، مجموعی معنی [اللہ کے لئے]
رب	[پالنے والا، پروان چڑھانے والا، پروردگار]
العالَمِيْنَ	عالم کی جمع، [بہت سی دنیائیں، بہت سے جہان]
الرحمن	[بہت ہی مہربان]
الرحيم	[ہمیشہ رحم فرمانے والا]

کیا آپ جانتے ہیں؟

نزول قرآن کے زمانے کے عرب شعر وادب کے بہت شوقین تھے۔ ان کے ہاں باقاعدہ شعر وشاعری اور خطابت کے مقابلے ہوا کرتے تھے۔ شاعر اور خطیب کو معاشرے میں ممتاز مقام حاصل ہوا کرتا تھا۔ بہترین شعراء کو یہ اعزاز دیا جاتا کہ ان کی غزلوں کو کعبہ کی دیوار پر لٹکا دیا جاتا تھا۔ یہ نظمیں "معلقات" کہلاتی تھیں۔

عربی	اردو
مالك	[مالک، آقا]
يوم	[دن]
الدين، ال دين	دو الفاظ، دین[مذہب، بدلہ]، ال نے اسے اس خاص بدلے کے لئے مخصوص کر دیا ہے جو ہر شخص کو اس کے اعمال کی جزا و سزا میں دیا جائے گا۔
إياك	[صرف اور صرف تیری ہی] اس لفظ میں صرف اور صرف کا مفہوم ہے۔
نعبد	[ہم عبادت کرتے ہیں]
نستعين	[ہم مدد مانگتے ہیں]
اهدنا، اهد نا	دو الفاظ، اهد[ہدایت دے]، نا[ہمیں]، مجموعی معنی[تو ہمیں ہدایت دے]
الصراط	[راستہ]، ال کی وجہ سے یہاں مخصوص راستہ مراد ہے جو کہ نیکی کا راستہ ہے
المستقيم	[سیدھا]
الذين	[جو لوگ]
أنعمتَ	[تو نے انعام فرمایا]
عليهم، على هم	دو الفاظ، علی[پر]، ھم[ان، ان کا، انہیں]، مجموعی معنی[ان پر]
غير	[علاوہ، نہ کہ]

عربی	اردو
المغضوب	[جن پر غضب کیا گیا ہو]، ال نے اسے ایک خاص گروہ کے ساتھ مخصوص کر دیا ہے۔
الضآلّین	[گمراہ]، ال نے اسے ایک خاص گروہ کے ساتھ مخصوص کر دیا ہے۔
آمین	[قبول فرما]
ربّي، ربّ ي	دو الفاظ، رب [پروردگار]، ی [میرا، مجھے]، مجموعی معنی [میرا پروردگار]
العظیم	[عظمت والا]
سَمِعَ	[سن لیا]
لمن، لِ مَنْ	دو الفاظ، ل [لئے]، من [جو، جس]، مجموعی معنی [جس کے لئے]
حمده، حَمِدَ ه	دو الفاظ، حمد [تعریف کی]، ہ [اسے، اس کی]، مجموعی معنی [اس کی تعریف کی]
ربنا، رب نا	دو الفاظ، نا [ہمارا، ہمیں]، مجموعی معنی [ہمارا رب]
لك، ل ك	دو الفاظ، مجموعی معنی [تیرے لئے]
الاعلی	[بلند ترین]
التحیات	[کسی کی تعظیم کے لئے بولے جانے والے کلمات]
الصلوة	[نماز]
الطیبات	[پاکیزہ چیزیں، پاکیزہ خیالات، پاکیزہ اذکار]

عربی	اردو
السلام	[سلامتی، امن]
عليك، على ك	دو الفاظ، مجموعی معنی [آپ پر]
ايها	[اے]
النبي	[نبی صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم، اللہ کا بھیجا ہوا پیغمبر]
رحْمة	[رحمت]
بركاته، بركات ه	دو الفاظ، مجموعی معنی [اس کی برکتیں]
علينا، على نا	دو الفاظ، مجموعی معنی [ہم پر]
عباد الله	دو الفاظ، عباد عبد کی جمع ہے معنی ہے [بندے]۔ مجموعی معنی [اللہ کے بندے]
الصالحين	صالح کی جمع، معنی [نیک لوگ]۔ ال نے اسے کچھ لوگوں کے ساتھ مخصوص کر دیا ہے۔
صل	[رحمت بھیج]
آل	[اولاد، پیروکار]
كما، كَ ما	دو الفاظ، کَ زبر کے ساتھ [جیسے]، ما [جو، نہیں، کہ]، مجموعی معنی [جیسے کہ]۔ یہ کِ زیر کے ساتھ سے مختلف ہے جس کا معنی ہے [تم یا تمہارا]
صليت	[تو نے رحمت بھیجی]

عربی	اردو
إبراهيم	[سیدنا ابراہیم علیہ الصلوۃ والسلام، اللہ کے مشہور پیغمبر]
حميد	[حمد کے لائق]
مجيد	[بزرگی والا]
بارك	[برکت عطا فرما]
باركت	[تو نے برکت عطا فرمائی]۔ بارک اور بارکت، صل اور صلیت پر غور فرمایئے۔
عليكم، على كم	دو الفاظ۔ کم (تم سب، تم سب کا)، مجموعی معنی (تم سب پر)

آج کا اصول

کسی اسم کی عمومی حالت کو "حالت رفع" کہا جاتا ہے۔ جب اس اسم پر کوئی کام کیا جائے تو اسے "حالت نصب" کہتے ہیں۔ جب کوئی چیز اس اسم سے متعلق ہو تو اسے "حالت جر" کہتے ہیں۔

چیلنج!

اردو میں حالت رفع، نصب اور جر کو کیسے بیان کیا جاتا ہے؟

کیا آپ جانتے ہیں؟

قرآن مجید نے اہل عرب کے سامنے یہ چیلنج پیش کیا کہ وہ قرآن کے درجے کی ایک سورۃ بھی تخلیق کر کے دکھائیں۔ عرب اگرچہ قرآن کی دعوت کے شدید مخالف تھے مگر وہ اس چیلنج کو قبول نہ کر سکے۔ مشہور عرب شاعر لبید نے اسلام قبول کیا تو انہوں نے شاعری ترک کر دی۔ کسی نے پوچھا کہ آپ شاعری کیوں نہیں کرتے۔ کہنے لگے، "کیا قرآن کے بعد بھی شاعری کی گنجائش ہے؟"

اپنی صلاحیت کا امتحان لیجیے! اب ان جملوں کا اردو میں ترجمہ کیجیے۔

عربی	اردو
اللّٰہُ أكبَرُ	
سُبْحَانَك اللّٰهُمَّ و بحمدك و تبارك اسمك	
و تَعَالى جَدُّكَ وَ لا الٰهَ غَيرُكَ.	
أعُوذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ .	
بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ.	
الحَمدُ لِلّٰهِ رَبِّ العَالَمِين.	
الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ. مَالِكِ يَوْمِ الدِّينِ.	
إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ.	
اهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ.	
صِرَاطَ الَّذينَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ،	
غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلا الضَّالِّينَ. آمين	
سُبحَان رَبِّيَّ العَظيم.	
سَمِعَ اللهُ لِمَنْ حَمِدَهُ.	
رَبَّنَا لَكَ الحَمد.	
سَبحَان رَبِّيَّ الأعلى.	

اردو	عربی
	التَّحِيَّاتُ لِلّٰہِ وَ الصَّلٰوۃُ وَ الطَّیِّبَاتُ ،
	السَّلامُ عَلَیكَ اَیُّھَا النَّبِيُّ وَ رَحْمَۃُ اللّٰہِ وَ بَرَکَاتُہٗ ،
	السَّلامُ عَلَینَا وَ عَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصَالِحِینَ.
	أشھَدُ اَنْ لا اِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہِ ،
	وَ أشھَدُ أنَّ مُحَمَّدًا عَبدُہٗ وَ رَسُولُہٗ.
	اللھُمَّ صَلِّی عَلٰی مُحَمدٍ وَ عَلٰی آلِ محمد ،
	کَمَا صَلَّیتَ عَلٰی إبراھِیمَ و علی آل إبراھیمَ ،
	إنَّكَ حَمِیدٌ مَجِیدٌ.
	اللھُمَّ بَارِكْ عَلٰی محمد و علی آل محمد ،
	کما بَارَکْتَ عَلٰی إبراھیمَ و علی آل إبراھیمَ ،
	إنَّكَ حَمِیدٌ مَجِیدٌ.
	السَّلامُ عَلَیْکُم و رَحمَۃُ اللّٰہِ.

عربی میں ترجمہ کیجیے!

عربی	اردو
	اللہ سب سے بڑا ہے۔
	اے اللہ! تو پاک ہے۔ تیری تعریف کے ساتھ (میں آغاز کرتا ہوں)۔ تیرا نام بلند ہے۔
	تیری بزرگی بہت ہی بلند ہے اور تیرے علاوہ کوئی خدا نہیں ہے۔
	میں شیطان مردود کے شر سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں۔
	اللہ کے نام سے شروع، جو بہت ہی مہربان ہے، جس کی شفقت ابدی ہے۔
	تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کو پروان چڑھانے والا ہے۔ نہایت ہی مہربان اور ابدی شفقت والا ہے۔
	وہی روز جزا کا مالک ہے۔ (اے اللہ!) ہم صرف اور صرف تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور صرف اور صرف تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں۔
	ہمیں سیدھی راہ کی طرف ہدایت عطا فرما۔
	اس راہ (کی طرف جو ان لوگوں کی راہ ہے) جن پر تونے انعام فرمایا۔
	نہ کہ ان لوگوں کی راہ کی طرف جن پر تیرا غضب ہوا اور نہ ہی گمراہوں (کی راہ) کی طرف۔ (اے اللہ!) قبول فرما۔
	میرا رب بہت ہی عظمت والا ہے۔
	اللہ نے (اس کی حمد کو) سن لیا جس نے اس کی تعریف کی۔
	اے اللہ! تعریف تو بس تیرے ہی لئے ہے۔

عربی	اردو
	میرا رب ہر عیب سے پاک ہے اور بلند ترین ہے
	تمام تحیات، نمازیں اور پاکیزہ کلمات اللہ ہی کے لئے ہیں
	اے نبی! آپ پر سلام ہو، اللہ کی رحمت اور اس کی برکت ہو۔
	ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر سلام ہو۔
	میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی خدا نہیں ہے
	اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔
	اے اللہ! محمد اور ان کی اولاد و پیروکاروں پر اپنی رحمت نازل فرما۔
	جیسا کہ تونے ابراہیم اور ان کی اولاد و پیروکاروں پر اپنی رحمت نازل فرما۔
	بے شک تو ہی حمد کے لائق اور بزرگی والا ہے۔
	اے اللہ! محمد اور ان کی اولاد و پیروکاروں پر اپنی برکت نازل فرما۔
	جیسا کہ تونے ابراہیم اور ان کی اولاد و پیروکاروں پر اپنی برکت نازل فرمائی۔
	بے شک تو ہی حمد کے لائق اور بزرگی والا ہے۔
	آپ سب پر سلامتی اور اللہ کی رحمت ہو۔

سبق 3A: رفع، نصب اور جر

تعمیر شخصیت
دوسروں کے نقطہ نظر سے سوچنے کی عادت پیدا کیجیے۔ اس سے آپ کا ذہنی افق وسیع ہو گا اور آپ کے لئے دوسروں کو سمجھنے میں آسانی پیدا ہو گی۔ اسی سے رواداری جنم لے گی۔

کسی بھی اسم کی تین حالتیں ہوا کرتی ہیں۔ ایک عمومی حالت؛ دوسرے جب اس اسم پر کوئی کام کیا جائے اور تیسرے جب کوئی چیز اس سے متعلق ہو۔ مثال کے طور پر کتاب کو لیجیے۔ اپنی عام حالت میں یہ کتاب ہی ہے، یہ اس کی پہلی حالت ہے۔ اگر کسی نے اس کتاب پر کوئی کام کیا ہے جیسے اس کتاب کو پڑھا ہے، تو یہ اس کی دوسری حالت ہے۔

اگر اس کتاب کے ساتھ کسی چیز کا تعلق قائم کیا گیا ہے تو پھر یہ اس کی تیسری حالت ہے۔ اردو میں ان تینوں حالتوں کو بیان کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ عمومی حالت میں کسی اسم کو اکیلا ہی بیان کیا جاتا ہے۔ دوسری حالت میں اس کے ساتھ "کو" کا اضافہ کر دیا جاتا ہے اور تیسری حالت میں اس کے ساتھ "کا، کی، کے" کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔ مثلاً پہلی حالت میں یہ "کتاب" ہی ہو گی۔ دوسری حالت میں "کتاب کو پڑھا" اور تیسری حالت میں "عبداللہ کی کتاب"۔

عربی میں کسی اسم کی مختلف حالتوں کو بیان کرنے اس کا طریقہ کار کچھ مختلف ہے۔ اگر اسم واحد ہو تو اس کی پہلی حالت کو ظاہر کرنے کے لئے اس اسم کے آخری حرف پر عموماً ضمہ (پیش) لگا دی جاتی ہے۔ دوسری حالت کے لئے فتحہ (زبر) اور تیسری حالت کے لئے کسرہ (زیر) لگا دی جاتی ہے۔ پہلی حالت کو رفع، دوسری کو نصب اور تیسری کو جر کہا جاتا ہے۔ انہیں مجموعی طور پر اعراب کہا جاتا ہے۔ اگر اسم جمع ہو تو اس کی تینوں حالتوں کو بیان کرنے کا طریقہ کچھ مختلف ہوتا ہے جس کی تفصیل آپ اگلے اسباق میں دیکھیں گے۔ اس جدول کو دیکھیے:

جَرّ Possessive	نَصَبْ Objective	رَفَعْ Subjective	إسم Noun
حَسَنٍ	حَسَنًا	حَسَنٌ	حَسَنٌ
الوَالِدِ	الوَالِدَ	الوَالِدُ	الوَالِدُ
كِتَابٍ	كِتَابًا	كِتَابٌ	كِتَابٌ

نوٹ کیجیے کہ حالت نصب میں دو زبر کے بعد ایک الف کا اضافہ کر دیا گیا ہے۔ الف لام لگانے سے دو کی بجائے ایک زبر، زیر یا پیش استعمال ہوئی ہیں۔ یہاں یہ اصول بھی یاد کر لیجیے کہ عربی میں استثنائی طور پر چند اسم ایسے ہیں جن کے اعراب تبدیل نہیں ہوا کرتے۔ آپ وقت کے ساتھ ساتھ ان اسماء کو سیکھ لیں گے۔ انہیں مبنی کہا جاتا ہے۔ بعض اسم ایسے ہوتے ہیں جن کی حالت نصب اور جر ایک جیسی ہی ہوتی ہے۔ انہیں غیر منصرف اسماء کہا جاتا ہے۔ ان پر تنوین بھی نہیں آتی۔

اپنی صلاحیت کا امتحان لیجیے!

حالت رفع میں دیے گئے اسماء کو حالت نصب اور حالت جر میں تبدیل کیجیے۔

جَرّ Possessive	نَصَبْ Objective	مَعْنٰی Meanings	رَفَعْ Subjective
		محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	مُحَمَّدٌ
		کوئی رسول، کوئی پیغمبر	رَسُولٌ
		خاص رسول	الرَّسولُ
		کوئی سی چیز	شَيئٌ
		مخصوص چیز	الشيئُ
		کوئی سی نشانی	آيَةٌ
		مخصوص نشانی	الآيَةُ
		کوئی سا باغ	جَنَّةٌ
		مخصوص باغ	الجَنَّةُ
		کوئی لڑکی، کوئی بیٹی	بِنْتٌ
		مخصوص لڑکی یا بیٹی	البِنتُ
		کوئی آسمان، کوئی بلندی	سَمَآءٌ
		خاص آسمان یا بلندی	السَّمَآءُ

یہ بات نوٹ کر لیجیے کہ "الف لام" لگا دینے سے لفظ کے آخری حرف پر دی گئی ضمہ، دوہری کی بجائے اکہری ہو جاتی ہے۔ اگر "ال" نہ ہو تو پھر یہ دوہری ہی رہتی ہے۔ یہی اسم معرفہ اور نکرہ کی پہچان ہے۔ تفصیل اگلے لیول میں دی گئی ہے۔

سبق 3B: نیکی کیا ہے؟

اس سبق سے ہم انشاء اللہ قرآن مجید کے منتخب مقامات، منتخب احادیث مبارکہ اور عربی میں لکھنے والے اہل علم کی کتب کے اقتباسات پیش کریں گے۔ ان سب کا اردو میں ترجمہ کرتے ہوئے کے اسالیب کا جائزہ لیجیے اور ان کی زبان کو سیکھیے۔ زبان سیکھنے کے ساتھ ساتھ اپنی شخصیت کو بھی قرآن و حدیث کے سانچے میں ڈھالنے کا اہتمام کیجیے۔ ذخیرہ الفاظ فراہم کیا جارہا ہے۔ اس کی مدد سے اگلے صفحات میں دیے گئے جملوں کا ترجمہ کیجیے۔

تعمیر شخصیت

اگر آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ کچھ دلائل کی بنیاد پر ایک نقطہ نظر اختیار کر سکتے ہیں، تو بالکل اسی طرح یہ حق دوسروں کو بھی حاصل ہے۔ دوسروں کو مثبت انداز میں قائل کیجیے۔ ان پر اپنا نقطہ نظر مسلط نہ کیجیے۔ دوسروں کا نقطہ نظر اگرچہ آپ سے مختلف ہو، تب بھی اس کا احترام کیجیے۔

عربی	اردو
لَيْسَ	[ہرگز نہیں ہے]
الْبِرَّ	[نیکی]
أَنْ	[کہ]
تُوَلُّوا	[تم پھیر لو، طرف کرلو]
وُجُوهَكُمْ، وجوه كم	دو الفاظ، وجوہ [چہرے] یہ وجہ کی جمع ہے جس کا معنی ہے چہرہ۔ کم [تمہارے] مجموعی معنی [تمہارے چہرے، اپنے چہرے]
قِبَلَ	طرف
الْمَشْرِقِ	مشرق
وَ	اور

عربی	اردو
الْمَغْرِبِ	[مغرب]
لَكِنَّ	لیکن، بلکہ
الْبِرَّ	نیکی
مَنْ	جو
آمَنَ	ایمان لایا
بِاللّٰه، ب الله	[اللہ پر]۔ ب کا ترجمہ صورتحال کے مطابق کیا جاتا ہے۔ زیادہ تر اس کا ترجمہ [سے] کیا جاتا ہے لیکن موقع کی مناسبت سے دوسرے حروف میں بھی ترجمہ کیا جا سکتا ہے۔
الْيَوْمِ الآخِرِ	[آخرت کا دن]۔ دو الفاظ ہیں۔
الْمَلائِكَةِ	[فرشتے]
الْكِتَابِ	[خاص کتاب] یعنی اللہ تعالی کی نازل کردہ کتاب
النَّبِيِّينَ	[خاص انبیاء]
آتَى	[دے]
الْمَالَ	[مال، دولت]
حُبِّهِ	[اس کی محبت] حب [محبت]، ہ [اس کی]۔

عربی	اردو
ذَوِي الْقُرْبَى	[رشتے دار]۔ذوی[والے]، قربی[رشتے داری] مجموعی معنی[رشتے والے یعنی رشتے دار]
الْيَتَامَى	[یتیم بچے]، یہ یتیم کی جمع ہے
الْمَسَاكِينَ	[مسکین لوگ، غریب لوگ] یہ مسکین کی جمع ہے
ابْنَ السَّبِيلِ	[مسافر]، ابن[بیٹا]، سبیل[راستہ]، مجموعی معنی[راستے کا بیٹا یعنی مسافر] یہ لفظ ابن کا مجازی استعمال ہے۔
السَّائِلِينَ	[سوال کرنے والے]۔یہ سائل کی جمع ہے۔
فِي الرِّقَابِ	[غلام]، فی[میں]، رقاب[بندھی ہوئی گردن] مجازی معنی[وہ لوگ جو غلامی میں ہیں]
أَقَامَ	[اس نے قائم کیا]
الصَّلَاةَ	[نماز]
آتَى	[اس نے ادا کی]
الزَّكَاةَ	[زکوۃ]
الْمُوفُونَ	[پورا کرنے والے، وفا کرنے والے] یہ موفی کی جمع ہے۔
بِعَهْدِهِمْ، ب عهد هم	[اپنے وعدے کو]۔ تین الفاظ۔ معنی رنگوں میں ظاہر ہے۔ یہاں ب کا ترجمہ ''کو'' کیا گیا ہے
إِذَا	[جب]

سبق 3B: نیکی کیا ہے؟

عربی	اردو
عَاهَدُوا	[انہوں نے وعدہ کیا]
الصَّابِرِينَ	[صبر کرنے والے، ثابت قدم رہنے والے]
الْبَأْسَاءِ	[تنگی، مصیبت]
الضَّرَّاءِ	[نقصان، مشکل حالات]
حِينَ	[وقت]
الْبَأْسِ	[جنگ]
أُولَئِكَ	[وہ] جمع کے لئے استعمال ہوتا ہے۔
الَّذِينَ	[جو لوگ]
صَدَقُوا	[انہوں نے سچ کر دکھایا]
أُولَئِكَ هُمْ	[وہ، وہ] مجموعی طور پر یہ دونوں الفاظ مل کر عربی میں "وہی" کا معنی دیتے ہیں۔
الْمُتَّقُونَ	[پرہیز گار، اللہ سے ڈرنے والے لوگ] یہ متقی کی جمع ہے

آج کا اصول

عربی میں واحد اور جمع کے علاوہ ایک اور چیز بھی ہوتی ہے اور وہ ہے تثنیہ۔ یہ دو افراد یا اشیاء کو بیان کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

چیلنج!

اردو میں واحد سے جمع کس طریقے سے بنائی جاتی ہے؟

سبق 3B: نیکی کیا ہے؟

اپنی صلاحیت کا امتحان لیجیے! اب ان جملوں کا اردو میں ترجمہ کیجیے۔

عربی	اردو
لَيْسَ الْبِرَّ	
أَنْ تُوَلُّوا وُجُوهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ	
وَلَكِنَّ الْبِرَّ	
مَنْ آمَنَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ وَالْمَلائِكَةِ وَالْكِتَابِ وَالنَّبِيِّينَ	
وَآتَى الْمَالَ عَلَى حُبِّهِ: ذَوِي الْقُرْبَى وَالْيَتَامَى وَالْمَسَاكِينَ وَابْنَ السَّبِيلِ وَالسَّائِلِينَ وَفِي الرِّقَابِ	
وَأَقَامَ الصَّلاةَ وَآتَى الزَّكَاةَ	
وَالْمُوفُونَ بِعَهْدِهِمْ إِذَا عَاهَدُوا	
وَالصَّابِرِينَ فِي الْبَأْسَاءِ وَالضَّرَّاءِ وَحِينَ الْبَأْسِ	
أُوْلَئِكَ الَّذِينَ صَدَقُوا وَأُوْلَئِكَ هُمْ الْمُتَّقُونَ. (البقرة 2:177)	

مطالعہ کیجیے

توحید و شرک میں کیا فرق ہے؟ تفصیل کے لئے دیکھیے: http://www.mubashirnazir.org/PD/Urdu/PU01-0009-Monotheism.htm

سبق 3B: نیکی کیا ہے؟

عربی میں ترجمہ کیجیے!

عربی	اردو
	یہ نیکی نہیں ہے
	کہ تم اپنے چہرے مشرق یا مغرب کی طرف کرلو
	بلکہ نیکی تو (اس شخص کی نیکی ہے)
	جو اللہ، روز آخرت، فرشتوں، آسمانی کتاب اور انبیاء پر ایمان لائے
	اور اپنا مال اس (اللہ) کی محبت میں رشتے داروں، یتیموں، غریبوں، مسافروں، سوال کرنے والوں اور غلاموں (کو آزاد کرنے کے لئے) خرچ کرے
	اور نماز قائم کرے اور زکوۃ ادا کرے
	اور (نیک لوگ تو وہی ہیں جو) وعدہ پورا کرنے والے ہیں جب وہ وعدہ کر بیٹھیں
	اور مصیبت، نقصان اور جنگ کے وقت ثابت قدم رہنے والے ہیں
	یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے (اللہ سے اپنے وعدے کو) سچ کر دکھایا اور یہی لوگ تو اللہ سے ڈرنے والے ہیں۔

کیا آپ جانتے ہیں؟

عربی دنیا کی سب سے منظم زبان ہے۔ اگر آپ اس کے قوانین سے واقف ہوں تو ایک لفظ سے سینکڑوں الفاظ بنا سکتے ہیں۔

سبق 4A: واحد، تثنیہ، جمع

ہر زبان میں واحد اور جمع کے لئے مختلف الفاظ استعمال کئے جاتے ہیں۔ عام طور پر واحد کے لفظ میں کچھ اضافہ جات کے ساتھ اس سے جمع اخذ کر لی جاتی ہے۔ اس مقصد کے لئے انگریزی میں s یا es کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔ اردو میں اس مقصد کے لئے واحد لفظ کے آخر میں "یں" یا "وں" لگا دیا جاتا ہے۔

تعمیر شخصیت
قوم کی تعمیر ایک طویل عمل ہے۔ اگر آپ اپنی قوم کی حقیقی تعمیر کرنا چاہتے ہیں تو اپنی جدوجہد کے نتائج کے لئے طویل انتظار کیجیے۔ قوم کی تعمیر دنوں کا کام نہیں ہے۔

عربی میں بھی ایسا ہی ہے مگر عربی کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ اس میں واحد اور جمع کے درمیان بھی ایک صورت ہوتی ہے جسے تثنیہ کہتے ہیں۔ تثنیہ کے الفاظ دراصل دو افراد یا کسی چیز کے جوڑے کو بیان کرنے کے لئے وضع کئے گئے ہیں۔ ان کی مثالیں یہ ہیں:

- واحد: یہ ایک شخص، چیز یا جگہ کو ظاہر کرتا ہے۔ جیسے رَجُلٌ (کوئی مرد)، إمرَأةٌ (کوئی خاتون)، جَنَّة (کوئی باغ) وغیرہ۔
- تثنیہ: یہ دو افراد، اشیاء یا جگہوں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ جیسے رَجُلانِ (دو مرد)، إمرَأتَانِ (دو خواتین)، جَنَّتَانِ (دو باغ) وغیرہ۔ عربی میں کسی اسم کو تثنیہ بنانے کا طریقہ بہت آسان ہے۔
    - اگر وہ اسم حالت رفع میں ہو تو اس کے آگے "ان" لگا دیجیے۔ جیسے رَجُلانِ (دو مرد)
    - اگر وہ اسم حالت نصب یا جر میں ہو تو اس کے آخری حرف پر زبر لگا کر آگے "یِن" لگا دیجیے۔ جیسے رَجُلَیْنِ (دو مرد)
- جمع: یہ تین یا تین سے زیادہ افراد، اشیاء یا جگہوں کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ رِجَالٌ (بہت سے مرد)، إمرَأاتٌ (بہت سی خواتین)، جَنَّاتٌ (بہت سے باغات) وغیرہ۔ جمع بنانے کا طریقہ بھی بہت آسان ہے۔
    - اگر اسم مذکر ہو اور حالت رفع میں ہو تو اس کے آگے "ون" لگا دیجیے۔ جیسے مُسلِمُونَ (بہت سے مسلمان)، مُؤمِنُونَ (بہت سے ایمان والے)،عَابِدُونَ(بہت سے عبادت گزار) وغیرہ۔
    - اگر اسم مذکر ہو اور حالت نصب یا جر میں ہو تو اس کے آخری حرف پر زیر لگا کر آگے "یِن" لگا دیجیے۔ جیسے مُسلِمِینَ (بہت سے مسلمان)،مُؤمِنِینَ (بہت سے ایمان والے)،عَابِدِینَ(بہت سے عبادت گزار) وغیرہ۔
    - اگر اسم مؤنث ہو تو اس کے آگے "ات" لگا دیجیے۔ جیسے مُسلِمَاتٌ (بہت سی مسلمان خواتین)،مُؤمِنَاتٌ (بہت سی ایمان والیاں)،عَابِدَاتٌ (بہت سی عبادت گزار خواتین) وغیرہ۔ حالت رفع میں تو یہ اسی طرح ہو گا مگر حالت نصب یا جر دونوں میں ان الفاظ کے آخر میں کسرہ آ جائے گی۔ جیسے مُسلِمَاتٍ،مُؤمِنَاتٍ،عَابِدَاتٍ. حالت نصب میں بھی یہ فتحہ کی بجائے کسرہ ہی ہو گی۔ اسی وجہ سے کہا جاتا ہے کہ جمع مونث غیر منصرف ہوتی ہے۔

سبق 4A: واحد، تثنیہ، جمع

عربی میں جمع کی ایک خاص قسم ہوتی ہے جسے "جمع مکسر" کہا جاتا ہے۔ اس میں جمع بناتے وقت اوپر بیان کردہ قاعدے کا خیال نہیں رکھا جاتا بلکہ کچھ مخصوص طریقوں پر جمع بنا دی جاتی ہے۔ چونکہ یہاں کوئی قانون استعمال نہیں ہوتا، اس وجہ سے اسے عربی قواعد، لٹریچر اور ڈکشنری کے مطالعے سے ہی سیکھا جا سکتا ہے۔ جمع مکسر اردو میں بھی پائی جاتی ہے۔ زیادہ صحیح یہ ہے کہ یہ عربی ہی سے اردو میں آئی ہے۔

جمع مکسر بالعموم درج ذیل اوزان پر آتی ہے۔ انہیں سیکھنے کا فائدہ یہ ہے کہ آپ لفظ کو دیکھ کر پہچان سکتے ہیں کہ یہ واحد ہے یا جمع۔ جمع مکسر بنانے کے لئے متعلقہ حروف کو ف، ع اور ل کی جگہ رکھیے۔

- **أفعَالٌ**: جیسے وَلَدٌ (بچہ) کی جمع أوْلادٌ، وَقْتٌ (وقت) کی جمع أوْقَاتٌ، شَرِيفٌ (عزت دار) کی جمع أشْرَافٌ، مَطَرٌ (بارش) کی جمع أمْطَارٌ وغیرہ۔
- **فُعُوْلٌ**: جیسے مَلَكٌ (بادشاہ) کی جمع مُلُوكٌ، شَاهِدٌ (گواہ) کی جمع شُهُودٌ، قَلْبٌ (دل) کی جمع قُلُوبٌ، وجهٌ (چہرہ) کی جمع وُجُوهٌ، جُنْدٌ (لشکر) کی جمع جُنُودٌ وغیرہ۔
- **فِعَالٌ**: جیسے ثَوبٌ (کپڑا) کی جمع ثِيَابٌ، رَجُلٌ (مرد) کی جمع رِجَالٌ، كَبِيرٌ (بڑا) کی جمع كِبَارٌ، صَغِيرٌ (چھوٹا) کی جمع صِغَارٌ، بَلَدٌ (شہر) کی جمع بِلادٌ وغیرہ۔
- **فُعُلٌ**: جیسے كِتَابٌ (کتاب) کی جمع كُتُبٌ، سَفِينَةٌ (کشتی) کی جمع سُفُنٌ، صَحِيفَةٌ (چھوٹی کتاب) کی جمع صُحُفٌ، طَرِيقَةٌ (راستہ) کی جمع طُرُقٌ، مَدِينَةٌ (شہر) کی جمع مُدُنٌ وغیرہ۔
- **فُعَلاءُ**: جیسے وَزِيرٌ (وزیر) کی جمع وُزَرَاءُ، أمِيرٌ (حکمران) کی جمع أُمَرَاءُ، عَالِمٌ (علم والا) کی جمع عُلَمَاءُ، سَفِيهٌ (بے وقوف) کی جمع سُفَهَاءُ، شَهِيدٌ (گواہ، اللہ کی راہ میں مارا جانے والا) کی جمع شُهَدَاءُ وغیرہ۔
- **أفْعُلٌ**: جیسے شَهْرٌ (مہینہ) کی جمع أشْهُرٌ، رِجْلٌ (پاؤں) کی جمع أرْجُلٌ، نَفسٌ (شخصیت، ذی روح) کی جمع أنْفُسٌ، عَينٌ (آنکھ) کی جمع أعيُنٌ، بَحْرٌ (سمندر، دریا) کی جمع أبْحُرٌ وغیرہ۔
- **أفْعِلاءُ**: جیسے نَبِيٌّ (نبی) کی جمع أنبِيَاءُ، حَبِيبٌ (محبوب) کی جمع أحِبَّاءُ، قَرِيبٌ (قریب) کی جمع أقْرِبَاءُ، غَنِيٌّ (مالدار) کی جمع أغنِيَاءُ، وَلِيٌّ (دوست) کی جمع أولِيَاءُ وغیرہ۔
- **فُعْلانٌ**: جیسے فَارِسٌ (سوار) کی جمع فُرْسَانٌ، بَلَدٌ (شہر) کی جمع بُلْدَانٌ، قَضِيبٌ (شاخ) کی جمع قُضْبَانٌ وغیرہ۔

- **فَعَالِلُ:** جیسے عُنْصُرٌ (عنصر) کی جمع عَنَاصِرُ، زَلْزَلَةٌ (زلزلہ) کی جمع زَلَازِلُ، كَوكَبٌ (ستارہ) کی جمع كَوَاكِبُ، جَوهَرٌ (قیمتی پتھر) کی جمع جَوَاهِرُ وغیرہ۔
- **فَعَالِيلُ:** جیسے قِنْدِيلٌ (چراغ) کی جمع قَنَادِيلُ، سُلْطَانٌ (بادشاہ) کی جمع سَلَاطِينُ، صُنْدُوقٌ (صندوق، بکس) کی جمع صَنَادِيقُ، خِنزِيرٌ (سور) کی جمع خَنَازِيرُ، بُستَانٌ (باغ) کی جمع بَسَاتِينُ وغیرہ۔
- **فَعَالِلَةٌ:** جیسے أُستَاذٌ (استاد) کی جمع أَسَاتِذَةٌ، تِلمِيذٌ (شاگرد) کی جمع تَلَامِذَةٌ، مَلَكٌ (فرشتہ) کی جمع مَلَائِكَةٌ وغیرہ۔ یہ وزن صاحب عقل اسم جیسے انسان، فرشتوں وغیرہ کے لئے خاص ہے۔
- **مَفَاعِلُ:** جیسے مَسجِدٌ (مسجد) کی جمع مَسَاجِدُ، مَكْتَبَةٌ (دفتر، لائبریری) کی جمع مَكَاتِبُ، مَنْظَرٌ (منظر) کی جمع مَنَاظِرُ، مَقتَلٌ (قتل کی جگہ) کی جمع مَقَاتِلُ وغیرہ۔ یہ وزن عموماً جگہوں کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔
- **مَفَاعِيلُ:** جیسے مِفْتَاحٌ (چابی) کی جمع مَفَاتِيحُ، مِقلَدٌ (چابی) کی جمع مَقَالِيدُ، مكتُوبٌ (خط، لکھی گئی چیز) کی جمع مَكَاتِيبُ وغیرہ۔ یہ وزن عموماً آلات کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

